بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صلِّ علیٰ کہتے کہتے

Marfat.com

Marfat.com

صلِّ علیٰ کہتے کہتے

پاکستان کے معروف نعت خواں

عبدالرؤف روفی

کی بہترین نعتیں

مرتب:

مسعود مفتی

چوہدری ظفر اقبال ٹھیکیدار

مزار کھڑی شریف، میر پور

آزاد کشمیر

عِلم و عرفان پبلشرز

34 اردو بازار، لاہور۔ فون۔ 7232336 - 7352332

E-Mail:ilmoirfanpublishers@hotmail.com

Marfat.com

48338

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	....	علی علی کہتے کہتے
مرتب	....	مسعود مفتی
ناشر	....	گلفراز احمد علم و عرفان پبلشرز، لاہور
کمپوزنگ	....	دلدار حسین
مطبع	....	جوہر رحمانیہ پرنٹرز، لاہور
سن اشاعت	....	اگست 2009ء
قیمت	....	150/ روپے

ملنے کے پتے

علم و عرفان پبلشرز

34۔ اُردو بازار، لاہور فون: 7352332

Marfat.com

فہرست مضامین

خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا	9
رحمک یا ربّ العباد رجائی رجائی	11
اللہ کرم اللہ کرم	12
میٹھا میٹھا ہے میرے محمد ﷺ کا نام	14
سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ	17
ساری صدیوں پہ جو بھاری ہے وہ لمحہ ملنا	19
مدینے کو جائیں یہ جی چاہتا ہے	21
میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے	22
انا اعطینک الکوثر	23
آنے والو یہ بتاؤ شہر مدینہ کیسا ہے	24
خوش بخت ہیں وہ انسان جو مدینے جاتے ہیں	25
عجب رنگ پر ہے بہار مدینہ	26
بھیجو درود اس ذات پر مل کر سدا کہو	28
یہی کہیں جب تک بھی جئیں ہم	30
سیدؑ نے کربلا میں وعدے نبھا دیے ہیں	32

Marfat.com

اے مدینے کے تاجدار تجھے اہلِ ایمان سلام کہتے ہیں	34
کرم کی بھیک ملے تو حیات بنتی ہے	35
تھی جس کے مقدر میں گدائی تیرے در کی	37
(نعت شریف) ابر خورشید قمر	39
یا نبی ﷺ صبح شام کیجئے گا	41
ہم کو اپنی طلب سے سوا چاہیئے	42
نعت شریف (عربی)	44
زمین و زماں تمہارے لیے	46
دیکھ کے جس کو جی نہیں بھرتا شہر مدینہ ایسا ہے	47
یا رحمن یا منان	49
واہ رتبہ تیرا سیدہ آمنہ	51
عاصیوں کو در تمہارا مل گیا	53
خدا کی عظمتیں کیا ہے محمد مصطفی ﷺ جانتے	54
تمہی فرش سے عرش پہ جانے والے	55
ہم غلاموں کا رکھنا خدارا بھرم	56
خدا کب بلالے مجھے اپنے گھر میں	58
میرے جی میں ہے کب سے یہ آس	60
غلام ہیں غلام ہیں رسول ﷺ کے غلام ہیں	62
یا رب مدینے پاک میں جانا نصیب ہو	64
اللہ سے پہنچا دو سرکار ﷺ کے قدموں میں	66
اشک غم دن رات پینا اس تمنا میں ہے جینا	68

Marfat.com

دلوں میں ہے دھڑکن نبی ﷺ کی ثناء ہے	71
ان کا نام لبوں پر آئے	72
قدم نبی ﷺ کے جس نے چومے شہر مدینہ ایسا ہے	73
مرا حسین باغ نبوت کا پھول ہے	74
ہر وقت تصور میں مدینے کی گلی ہے	75
سلام	76
نعت شریف **طلوع البدر علینا**	78
خدائی رب کی نبی ﷺ کی رحمت	79
غار حرا	80
میں گھر سے چلا ہوں	82
محمد ﷺ کی عظمت کا دم بھرنے والا	85
یہ تو کرم ہے ان کا ورنہ مجھ میں تو ایسی بات نہیں	87
یہ ناز یہ انداز ہمارے نہیں ہوتے	88
کھلا ہے سبھی کے لیے باب رحمت	90
غم مصطفی ﷺ ترا شکریہ مجھے مرنا جینا سکھا دیا	92
درخشندہ تیرے حسن سے رخسار یقین ہے	93
ہم کو طیبہ میں بلا لو شاہ زمن	94
مصطفی ﷺ جان رحمت پہ لاکھوں سلام	96
السلام اے تاج والے	103
مانگتی ہوں تجھ	105
نماز نامہ	106

Marfat.com

❁ اللہ ہی اللہ بول اللہ والے نوں 108

❁ نبی جی دی راہیں تکیندیاں گذر گئی 110

❁ اکو ہی حیاتی دا معیار ہونا چاہی دا 112

❁ میری سرکار ہر ویلے مدینہ یاد آوندا اے 113

❁ اوہ سوہنا پاک مدینہ اے جھتے سوہنے 115

❁ سدلو ہن سرکار ﷺ مدینے 116

❁ رت لنگھ گئی فیر بہاراں دی 119

❁ اوہدی دل توں تانگھ تھیری اے 121

❁ کلام حضرت باہو 123

❁ سلام 125

❁ کری جا دلا صلی علی دا وظیفہ 127

❁ مری واج عرش تے جاوے 129

❁ ویندی تاں اُنویں پئی ایں 130

❁ روضے دی جالی دسدی اے 131

❁ جہیڑے دل وچہ رکھدے نیں 133

❁ میں مدینے چلی آں ویکھن سوہنے 135

❁ صلی اللہ علیہ وسلم PBUH PBUH 140

❁ ماں کی شان 142

❁ تر گئی دیس توں کیہڑے مائیں 143

❁ ❁ ❁

Marfat.com

حمدِ باری تعالیٰ

خوشا وہ دن حرمِ پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خموش تھی دِل محوِ التجاؤں میں تھا

غلافِ خانۂ کعبہ تھا میرے ہاتھوں میں
خدا سے عرض و گزارش کی انتہاؤں میں تھا
خوشا وہ دن حرمِ پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خموش تھی دِل محوِ التجاؤں میں تھا

درِ کرم پہ صدا دے رہا تھا اشکوں سے
جو ملتزم پہ کھڑے تھے میں اُن گداؤں میں تھا
خوشا وہ دن حرمِ پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خموش تھی دِل محوِ التجاؤں میں تھا

حطیم میں میرے سجدوں کی کیفیت تھی عجب
جبیں زمین پہ تھی ذہن کہکشاؤں میں تھا
خوشا وہ دن حرمِ پاک کی فضاؤں میں تھا
زبان خموش تھی دِل محوِ التجاؤں میں تھا

Marfat.com

پھڑک رہا ہے میرے سازِ روح پر اب بھی
وہ ایک نغمہ جو لبیک کی صداؤں میں تھا
خوشا وہ دن حرمِ پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خموش تھی دل محو التجاؤں میں تھا

مجھے یقین ہے میں پھر بلایا جاؤں گا
کہ یہ سوال بھی شامل میری دعاؤں میں تھا
خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خموش تھی دل محو التجاؤں میں تھا

شاعر: صبیح الدین رحمانی

Marfat.com

حمد باری تعالیٰ

رحمکَ یا رَبَّ العباد رجائی رجَائی
ورِضاکَ قصدی فاستجب لدُعائی

رحماکَ اَبغی یا الٰھی راجیا
منک الرضا فجْد بعلائی

نَدیتُ باسمک یا الٰھی ضارعاً
انْ لَم تُجرنی فمن یُحبیر بْکائی

اَنْتَ الکریْمُ فلاَ تَدعنی تائھاَ
فَلَقَدَ عَییتُ من لعباد الّنائی

وِلقد رجَوتک یا الٰھی ضارعا
مُتذ للاَ فلا تَرْدَر جائی

Marfat.com

حمد باری تعالیٰ

اللہ کرم اللہ کرم
حاضر ہیں تیرے دربار پہ ہم
اللہ کرم اللہ کرم
دیتی ہے صدا یہ چشمِ نم
اللہ کرم اللہ کرم

ہیبت سے ہر اک گردن خم ہے
ہر آنکھ ندامت سے نم ہے
ہر چہرے پہ ہے اشکوں سے رقم
اللہ کرم اللہ کرم

جن لوگوں پہ ہے انعام ترا
[illegible] دے نام مرا

Marfat.com

محشر میں مرا رہ جائے بھرم
اللہ کرم اللہ کرم

ہر سال طلب فرما مجھ کو
ہر سال یہ شہر دکھا مجھ کو
ہر سال کروں میں طوافِ حرم
اللہ کرم اللہ کرم

مری آنے والی سب نسلیں
ترے گھر آئیں ترا در دیکھیں
اسباب ہوں ان کو ایسے بہم
اللہ کرم اللہ کرم

شاعر: صبیح الدین رحمانی

Marfat.com

میٹھا میٹھا ہے میرے محمد ﷺ کا نام

میٹھا میٹھا ہے میرے محمد ﷺ کا نام
ان پہ لاکھوں کروڑوں دُرود و سلام
میٹھا میٹھا ہے میرے محمد ﷺ کا نام

جس نے آ کے سنوارا ہے دارین کو
جس کی رحمت نے ڈھانپا ہے کونین کو
جس کے دم سے ہی یہ رونقیں ہیں تمام
ان پہ لاکھوں کروڑوں دُرود و سلام

لامکاں کے بنے ہیں وہی تو مکیں
جن کے نعلین کو چُومے عرشِ بریں
جو خدا سے ہوئے عرش پر ہمکلام
ان پہ لاکھوں کروڑوں دُرود و سلام

Marfat.com

وقت لائے خدا جائیں دربار پہ
اور کھڑے ہو کے روضۂ سرکار پہ
پیش ملکر کریں ہم درود و سلام
ان پہ لاکھوں کروڑوں درود و سلام

وہی حسنی حسینی چمن کے ہیں پھول
نورِ مولا علیؓ جانِ زہرہ بتولؓ
جن کے نانا رسول ﷺ خدا ذی مقام
ان پہ لاکھوں کروڑوں درود و سلام

اک خدا کی رضا جس کا مقصود تھا
ظلم سہتا رہا شکر کرتا رہا
جس کے صبرو تحمل کے چرچے ہیں عام
ان پہ لاکھوں کروڑوں درود و سلام

شاہِ کونینؒ وہ روحِ دارین وہ
فخرِ حسنین وہ غوث ثقلین وہ
جس کے در کا ہے حافظ بھی ادنیٰ غلام
ان پہ لاکھوں کروڑوں درود و سلام

Marfat.com

میٹھا میٹھا ہے میرے محمد ﷺ کا نام

میٹھا میٹھا ہے میرے سیدی ﷺ کا نام

میٹھا میٹھا ہے میرے مرشدی ﷺ کا نام

میٹھا میٹھا ہے میرے آقا ﷺ کا نام

میٹھا میٹھا ہے میرے ڈھولن ﷺ کا نام

میٹھا میٹھا ہے میرے پیارے ﷺ کا نام

میٹھا میٹھا ہے میرے سوھنے ﷺ کا نام

میٹھا میٹھا ہے میرے مصطفیٰ ﷺ کا نام

میٹھا میٹھا ہے میرے مدنی ﷺ کا نام

میٹھا میٹھا ہے میرے محمد ﷺ کا نام

شاعر: حافظ محمد حسین حافظ

Marfat.com

ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
سب سے بالا و والا ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
اپنے مولیٰ کا پیارا ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

بزمِ آخر کا شمع فروزاں ہوا
نورِ اوّل کا جلوہ ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

خلق سے اولیاء اولیاء سے رُسل
اور رُسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

جس کی دو بوند ہیں کوثر و سلسبیل
ہے وہ رحمت کا دریا ہمارا نبی

Marfat.com

جیسے سب کا خدا ایک ہے ویسے ہی
اِن کا ، اُن کا ، تمہارا ، ہمارا نبی ﷺ

کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیئے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبی ﷺ

کیا خبر کتنے تارے کھِلے چھپ گئے
پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبی ﷺ

ملکِ کونین میں انبیاء تاجدار
تاجداروں کا آقا ہمارا نبی ﷺ

قرنوں بدلی رسولوں کی ہوتی رہی
چاند بدلی کا نکلا ہمارا نبی ﷺ

سارے اچھوں سے اچھا سمجھئے جسے
ہے اس اچھے سے اچھا ہمارا نبی ﷺ

شاعر: مولانا حضرت احمد رضا خاں بریلویؒ

Marfat.com

نعت شریف

ساری صدیوں پہ جو بھاری ہے وہ لمحہ ملتا
کاش سرکارِ ﷺ دو عالم کا زمانہ ملتا

آپ ﷺ کے پیچھے کھڑے ہو کے نمازیں پڑھتا
آپ ﷺ کے قدموں کے پیچھے مجھے سجدہ ملتا

آپ ﷺ کو دیکھتا مکّے سے میں ہجرت کرتے
آپ ﷺ کا نقشِ قدم آپ کا رستہ ملتا

آپ ﷺ کو دیکھتا طائف میں دعائیں دیتے
یوں میرے صبر و تحمل کو سلیقہ ملتا

بُھول جاتا میں کسی طاق میں رکھ کر آنکھیں
آپ ﷺ کو دیکھتے رہنے کا بہانہ ملتا

آپ ﷺ کی طرح بٹھاتا میں انہیں کندھوں پر

Marfat.com

راہ میں آپ ﷺ کا جب کوئی نواسہ ملتا
آپ ﷺ کے سامنے رکھ دیتا میں سب کچھ لا کر
نصرتِ دیں کے لیے جب بھی اشارہ ملتا
اپنا گھر بار لٹا دیتا تو اس کے بدلے
حُبِ سرکارِ ﷺ دو عالم کا خزانہ ملتا
حشر تک میری غلامی یوں ہی قائم رہتی
میری ہر نسل کو فخری یہی ورثہ ملتا

شاعر: زاہدی فخری

Marfat.com

نعت رسول مقبول ﷺ

مدینے کو جائیں یہ جی چاہتا ہے
مقدر بنائیں یہ جی چاہتا ہے
جہاں دونوں عالم ہیں محوِ تمنا
وہاں سر جھکائیں یہ جی چاہتا ہے
محمد ﷺ کی باتیں محمد ﷺ کی سیرت
سنیں اور سنائیں یہ جی چاہتا ہے
مدینے کے آقا ﷺ دو عالم کے مولیٰ ﷺ
ترے پاس آئیں یہ جی چاہتا ہے
پہنچ جائیں بہزاد جب ہم مدینے
تو خود کو نہ پائیں یہ جی چاہتا ہے

شاعر:۔ بہزاد لکھنوی

Marfat.com

نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِّ علیٰ کہتے کہتے

جو اُٹھوں تو کہتا اُٹھوں یا محمد ﷺ
جو بیٹھوں تو صلِّ علیٰ کہتے کہتے

کٹے عمر یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
قضا آئے صلِّ علیٰ کہتے کہتے

جئیں مصطفیٰ ﷺ مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
مریں ہم تو صلِّ علیٰ کہتے کہتے

شاعر: حافظ لدھیانوی

98338

Marfat.com

اِنَّا اَعۡطَیۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ

میرے پیغمبر خلق کے سرور ، جن کی شان میں سورہ کوثر
آپ ہیں انسانوں کے رہبر ، آپ کی ہستی خُلق کا پیکر
اِنَّا اَعۡطَیۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ

درِ مبارک وَا ہے سب پر ، شہر مدینہ آپ کا ہے گھر
شقِ قمر ، اعجازِ فزوں پر ، آپ کے شیدا ہیں سب یکسر
اِنَّا اَعۡطَیۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ

آپ ﷺ کا فرماں خیر سراسر ، آپ کی سیرت احسن و اظہر
آپ کا ﷺ دشمن خاسر و ابتر ، آپ ہی محشر کے ہیں داور
اِنَّا اَعۡطَیۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ

آپ ﷺ کے تابع کسریٰ و قیصر ، امت میں ہیں اسود و احمر
صلّی علیٰ ہے میرے لب پر ، اللہ اللہ ، اللہ و اکبر
صلّی علیٰ ہے میرے لب پر ، اللہ اللہ ، اللہ و اکبر
اِنَّا اَعۡطَیۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ

شاعر: مولانا مجاہد الحسنی

Marfat.com

نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

آنے والو! یہ تو بتاؤ شہرِ مدینہ کیسا ہے
سر ان کے قدموں میں رکھ کر جھک کر جینا کیسا ہے

گنبدِ خضریٰ کے سائے میں بیٹھ کے تم تو آئے ہو
اس سائے میں ربّ کے آگے سجدہ کرنا کیسا ہے

دِل ، آنکھیں اور رُوح تمہاری لگتی ہیں سیراب مجھے
در پہ ان کے بیٹھ کے آبِ زم زم پینا کیسا ہے

دیوانو! آنکھوں سے تمہاری اتنا پوچھ تو لینے دو
وقتِ دعا روضے پہ ان کے آنسو بہانا کیسا ہے

وقتِ رخصت دِل کو اپنے چھوڑ وہاں تم آئے ہو
یہ بتلاؤ عشرت اُن کے دَر سے بچھڑنا کیسا ہے

شاعر: عشرت گولڑوی

Marfat.com

نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

خوش بخت ہیں وہ انسان جو مدینے جاتے ہیں
بنتے ہیں تیرے مہمان جو مدینے جاتے ہیں

حُب داروں پر یہ خاص اک انعام ہے قدرت کا
اس روضے کا دیدار تو دیدار ہے جنت کا
کیوں کریں نہ خود پہ مان جو مدینے جاتے ہیں

جس سمت اٹھائیں آنکھ سو بخشش کی سبیلیں ہیں
وہ گنبد ، وہ مینار ، نورانی قندیلیں ہیں
ہوتے ہیں بہت حیران جو مدینے جاتے ہیں

وہ پاکیزہ ماحول اک جنت کا منظر ہے
ہیں ان کی حفاظت میں خطرہ نہ کوئی ڈر ہے
ملتی ہے انہیں امان جو مدینے جاتے ہیں

شاعر: ڈاکٹر ریاض مجید

Marfat.com

بہارِ مدینہ

عجب رنگ پر ہے بہارِ مدینہ
کہ سب جنتیں ہیں نثارِ مدینہ

مُبارک رہے عندلیبو! تمہیں گُل
ہمیں گُل سے بہتر ہے خارِ مدینہ

مری خاک یا ربّ نہ برباد جائے
پسِ مرگ کر دے غُبارِ مدینہ

ملائک لگاتے ہیں آنکھوں میں اپنی
شب و روز خاکِ مزارِ مدینہ

رہیں ان کے جلوے بسیں ان کے جلوے
مرا دل بنے یادگارِ مدینہ

Marfat.com

جدھر دیکھئے باغِ جنت کھلا ہے
نظر میں ہیں نقش و نگارِ مدینہ

رگِ گل کی جب نازکی دیکھتا ہوں
مجھے یاد آتے ہیں خارِ مدینہ

بنا آسماں منزلِ ابنِ مریم
گئے لامکاں تاجدارِ مدینہ

شرف جن سے حاصل ہوا انبیاء کو
وہی ہیں حسن افتخارِ مدینہ

شاعر: مولانا حسن رضا خانؒ

Marfat.com

بھیجو درُود

بھیجو درُود اُس ذات پر مل کر سدا کہو
صلی علیٰ ، صلی علیٰ ، صلی علیٰ کہو

دن رات ان کے ذکر سے گرماؤ محفلیں
یا رحمت اللعالمین یا مصطفیٰ ﷺ کہو

کلمے میں جس کا اسم ہے اس پر پڑھو درُود
ربّ کی ثناء کے ساتھ ہی اس کی ثناء کہو

ہم عاصیوں کی ہے فقط ان پر لگی نظر
اُمت کی کشتی کا وہی ہے ناخدا کہو

Marfat.com

آنکھیں جُھکا کر جالیوں کے پاس با ادب
ان کے حضور اپنے دلوں کا مدعا کہو

شرمندگی کے آنسوؤں سے دل ہو باوضو
گزرا ہے جو بھی جان پر وہ ماجرہ کہو

ہمدرد کوئی بھی نہیں خلقت میں آپ ﷺ سا
جو کچھ تمہارے دل میں ہے سب ان سے جا کہو

لمحہ درُودوں کے سوا گزرے نہ اب کوئی
عمرِ خضر مل جائے تو یہ ہی سدا کہو

شاعر: ڈاکٹر ریاض مجید

Marfat.com

محمد صلی اللہ علیہ وسلم

یہی کہیں جب تک بھی جئیں ہم
صلی اللہ علیہ وسلم

یہی پڑھیں ہم یہی سنیں ہم
صلی اللہ علیہ وسلم

چڑھتے دن کی سرگوشی میں ڈھلتی شب کی خاموشی میں
ایک یہی آواز سنیں ہم صلی اللہ علیہ وسلم

غار ذات کی تنہائی میں اپنی روح کی گہرائی میں
شام و سحر یہ وِرد کریں ہم ۔ صلی اللہ علیہ وسلم

لاموجود جہانوں میں سے ، لامحدود زمانوں میں سے
ہر دم یہ آہنگ سنیں ہم ، صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

خوف میں عافیت افزا ہے، ہر اک درد کی یہ ہی دوا ہے
پائیں اس میں امن و سکون ہم، صلی اللہ علیہ وسلم

ہر اک سانس درود اثر ہو، یہی وظیفہ شام و سحر ہو
جس میں سدا مشغول رہیں ہم، صلی اللہ علیہ وسلم

جسم سے جس دم روح جدا ہو، نزع ہو مدہم سانس اکھڑا ہو
لب پہ ہو جس وقت مریں ہم صلی اللہ علیہ وسلم

مغزِ عبادت ان کی ثنا ہو، حرفِ نعت ہی حرفِ دعا ہو
یہی ریاض دعا مانگیں ہم، صلی اللہ علیہ وسلم

شاعر: ڈاکٹر ریاض مجید

Marfat.com

منقبت

سیدؓ نے کربلا میں وعدے نبھا دیئے ہیں
دینِ محمدی ﷺ کے گلشن کھلا دیئے ہیں

بولے حسینؓ مولا! تیری رضا کی خاطر
اک ایک کر کے میں نے ہیرے لٹا دیئے ہیں

دینِ نبی پہ واری، اکبر نے بھی جوانی
عباسؓ نے بھی اپنے بازو کٹا دیئے ہیں

زینبؓ کے باغ میں بھی دو پھول تھے مہکتے
زینبؓ نے وہ بھی دونوں راہِ خدا دیئے ہیں

زھرہؓ کے ناز پالے پھولوں پہ سونے والے
کربل کی خاک میں وہ ہائے رلا دیئے ہیں

Marfat.com

تنویرِ حیدری نے دے دے لہو کے قطرے
کرب و بلا کے ذرّے تارے بنا دیئے ہیں

ایک بچ گیا تھا غنچہ اس کو بھی پیش کر کے
سیّد نے جھاڑ کے یوں دامن دکھا دیئے ہیں

شبیّر کی ہی ایسی پُر درد داستاں ہے
دل پتھروں کے واللہ جس نے ہلا دیئے ہیں

نُورِ بتول و حیدر جرأت پہ تیری صدقے
تو نے دیئے یزیدی سارے بجھا دیئے ہیں

بخشش ہے اس کی لازم ، سیّد کے غم میں حافظ
دو چار آنسو رو کر جس نے بہا دیئے ہیں

شاعر: حافظ محمد حسین حافظ

Marfat.com

سلام

اے صلی اللہ علیہ وسلم مدینے کے تاجدار تجھے اہلِ ایماں سلام کہتے ہیں
تیرے عشاق تیرے دیوانے جانِ جاناں! سلام کہتے ہیں

تیری فرقت میں بے قرار ہیں جو ، ہجرِ طیبہ میں دل فگار ہیں جو
وہ طلب گارِ دید رو رو کر ، اے میری جاں! سلام کہتے ہیں

جو ترے عشق میں تڑپتے ہیں ، حاضری کے لیے ترستے ہیں
اذنِ طیبہ کی آس میں آقا! وہ مسلماں سلام کہتے ہیں

جن کو دُنیا کے غم ستاتے ہیں، ٹھوکریں دربدر کی کھاتے ہیں
غم نصیبوں کے چارہ گر! تم کو وہ پریشاں سلام کہتے ہیں

آپ عطار! کیوں پریشاں ہیں ، عاصیوں پر بھی وہ مہرباں ہیں
ان پہ رحمت وہ خاص کرتے ہیں ، جو مسلماں سلام کہتے ہیں

Marfat.com

شہ سوارِ کربلا کی شہ سواری کو سلام
نیزے پہ قرآن پڑھنے والے قاری کو سلام

دل کے ٹکڑے کر کے رخصت آپ خیمے میں رہیں
حضرت زینبؓ تمہاری پردہ داری کو سلام

تڑپنا دیکھا گیا نہ جب تیرا بولی زمیں
اصغرِ مظلوم! تیری بے قراری کو سلام

مسکرا کے پیش تیغوں کے کیا، رنگیں شباب
اکبر و قاسم تمہاری جانثاری کو سلام

شاعر: مولانا محمد الیاس عطّار قادری

Marfat.com

نعت شریف

کرم کی بھیک ملے تو حیات بنتی ہے
حضور ﷺ آپ نوازیں تو بات بنتی ہے

ملے جو اذن ثناء کا تو لفظ ملتے ہیں
جو ہو حضور ﷺ کی مرضی تو نعت بنتی ہے

رُخِ حضور ﷺ کا صدقہ یہ دن چمکتا ہے
پھر اُن سے لے کے اجازت یہ رات بنتی ہے

جبینِ دل کے ورق پر لکھا ہے اسمِ نبی ﷺ
اُسی کے دم سے عقیدت نجات بنتی ہے

بلا لیں مجھ کو مدینہ مجھے نہال کریں
بنامِ شیخ ، عمر کی خیرات بنتی ہے

نبی ﷺ کے در کی زیارت بڑی سعادت ہے
برات ہو تو عمر بھر برات بنتی ہے

شاعر: محمد عمر صالح

Marfat.com

گدائی تیرے در کی

تھی جس کے مقدر میں گدائی تیرے در کی
قدرت نے اُسے راہ دکھائی تیرے در کی

میں بُھول گیا نقش و نگارِ رُخِ جنت
صُورت جو کبھی سامنے آئی تیرے در کی

پھر اُس نے کوئی اور تصور نہیں باندھا
ہم نے جسے تصویر دکھائی تیرے در کی

رویا ہوں میں اس شخص کے پاؤں سے لپٹ کے
جس نے بھی کوئی بات سنائی تیرے در کی

Marfat.com

یہ ارض و سماوات تیری ذات کا صدقہ
محتاج ہے یہ ساری خدائی تیرے در کی

پانے کو تو یہ شمس و قمر چرخ نے پائے
کیا پایا اگر خاک نہ پائی تیرے در کی

آیا ہے نصیر آج تمنا یہی لے کے
پلکوں سے کیے جائے صفائی تیرے در کی

شاعر: پیر سید نصیر الدین نصیر گولڑہ شریف

Marfat.com

نعت شریف

ابر خورشید قمر

روشنی پھول صدا

سب تھے موجود مگر

ان کا مفہوم نہ تھا

کوئی بھی چیز کوئی چیز نہ تھی

سر مخفی تھا خدا

کوئی تخلیق نہ تھی

حرف اقرار نہ تھا

مہر توثیق نہ تھی

سنگ اور گوہر نایاب میں تفریق نہ تھی

آپ نے سرد عناصر کو حرارت بخشی

آپ نے صلی علی

Marfat.com

ابر خورشید قمر

روشنی پھول صدا

سب کو مفہوم دیا

حاجت کون و مکاں

مقصدِ نوعِ بشر

مجھ پہ بھی ایک نظر

مجھ کو بھی دیجیے کبھی

میرے ہونے کا پتہ

یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

شاعر: امجد اسلام امجد

Marfat.com

نعت شریف

یا نبی ﷺ صبح شام کیجئے گا
زندگی ان کے نام کیجئے گا

وہاں الفاظ کام آتے نہیں
آنسوؤں سے کلام کیجئے گا

دل دھڑکنے کی بھی نہ آئے صدا
آپ ادب سے سلام کیجئے گا

جائے نہ کوئی پل درود بغیر
ذکر ان کا مدام کیجئے گا

سند آ جائے ہاتھ بخشش کی
ہم کو اپنا غلام کیجئے گا

گر ملے اذن آپ بھی اس سال
طیبہ کا اہتمام کیجئے گا

لمحہ لمحہ کٹے درودوں میں
عمر بھر یہ ہی کام کیجئے گا

شاعر: ڈاکٹر ریاض مجید

Marfat.com

نعت شریف

ہم کو اپنی طلب سے سوا چاہیے
آپ ﷺ جیسے ہیں ویسی عطا چاہیے

کیوں کہوں یہ عطا وہ عطا چاہیے
ان کو معلوم ہے ہم کو کیا چاہیے

اک قدم بھی نہ ہم چل سکیں گے حضور ﷺ
ہر قدم پر کرم آپ ﷺ کا چاہیے

عشق میں آپ ﷺ کے ہم تڑپتے تو ہیں
ہر تڑپ میں بلالی ادا چاہیے

Marfat.com

اور کوئی بھی اپنی تمنا نہیں
ان کے پیاروں کی پیاری عطا چاہیے

اپنے قدموں کا دھوون عطا کیجیے
ہم مریضوں کو آبِ شفا چاہیے

دردِ جامی ملے نعت ، خالد لکھوں
اور اندازِ احمد رضا چاہیے

شاعر: خالد محمود

Marfat.com

نعت شریف

لم یات نظیرک فی نظرٍ

مثلِ تُو نہ شد پیدا جانا

جگ راج کو تاج تورے سر سوہے تجھ کو اے شہِ دوسرا جانا

یا رَسول اللہ یا حبیب اللہ ﷺ

البحر علیٰ والموج طغیٰ

من بے کس و طوفاں ہوش ربا

منجدھار میں ہوں بگڑی ہے ہوا موری نیا پار لگا جانا

یا شمسُ نظرتَ الیٰ لیلی

جوانا بہ طیبہ رسی عرضے بکنی

توری جوت کی جھلمل جگ میں رچی مری شب میں نہ دن ہونا جانا

Marfat.com

لک بدر فی الوجہ الاجمل

خطِ ہالۂ مہ زلف ابرِ اَجل

تورے چندن چندر پرو کنڈل رحمت کی برن برسا جانا

انا فی عطش و سخاک اَتم

اے گیسوئے پاک اے ابرِ کرم

برسن ہارے رم جھم رم جھم دو بوند ادھر بھی گرا جانا

لم یات نظیرک فی نظر

مثلِ تُو نہ شد پیدا جانا

شاعر: مولانا احمد رضا خان بریلویؒ

Marfat.com

نعت شریف

زمین و زماں تمہارے لئے
مکین و مکاں تمہارے لئے
چنیں و چناں تمہارے لئے
بنے دو جہاں تمہارے لئے
دہن میں زباں تمہارے لیے بدن میں ہے جاں تمہارے لئے
ہم آئے یہاں تمہارے لیے ، اٹھے بھی وہاں تمہارے لئے

اصالتِ کل ، امامتِ کل ، سیادتِ کل ، امارتِ کل
حکومتِ کل ، ولایت کل ، خدا کے یہاں تمہارے لئے

تمہاری چمک ، تمہاری دمک ، تمہاری جھلک ، تمہاری مہک
زمین و فلک ، سماک و سمک میں سکہ نشاں تمہارے لیے

شاعر: مولانا احمد رضا خانؒ

Marfat.com

نعت شریف

دیکھ کے جس کو جی نہیں بھرتا شہر مدینہ ایسا ہے
آنکھوں کو جو ٹھنڈک بخشے گنبد خضری ایسا ہے

ہر اک منظر عرش علیٰ کا جس پہ قرباں ہوتا ہے
روشنیوں کا شہر مدینہ ، فیض خزینہ ایسا ہے

میں بھی چوم کے آج ہوں آیا ان کی مہکتی گلیوں کو
جو کچھ دیکھا ان گلیوں میں کہیں نہ دیکھا ایسا ہے

روضہ پاک کی چوم کے جالی پیاس بجھالی آنکھوں کی
لیکن دل یہ دید کا پیاسا آج بھی پیاسا ایسا ہے

منبر پاک رسول ﷺ بھی دیکھا ، دیکھا خاص مصلی بھی
حرم شریف کا ہر منظر ہی نظر میں بستا ایسا ہے

Marfat.com

ریاضُ الجنۃ کی خوشبو سے دل کو بھی مہکایا ہے
مسجدِ نبویؐ کا من بھاتا ہر اک منظر ایسا ہے

ہم مہمان بنے تھے ان کے ، عرش پہ جو مہماں ہوئے
کیوں نہ قسمت پہ ہوں نازاں ، جن کا آقاؐ ایسا ہے

اُن کے جلووں میں گم ہو کے بس محسوس یہ ہوتا ہے
ہم آ گئے جنت میں جیسے دل کو لگتا ایسا ہے

واپس آئیں دل نہیں کرتا چھوڑ کے اُن کی چوکھٹ کو
جان بھی دے دیں حافظ در پر دل میں آتا ایسا ہے

شاعر۔ حافظ محمد حسین حافظ

Marfat.com

یارحمٰن یامنّان

یــا رزّاق یــا فتــاحُ * یــا توّابُ یــا غــفّــار

یــا رحیّمُ یــا کریمُ * یــا حــلیمُ یــا حکیم

یــا علیمُ یــا عظیمُ * یــا حسیــبُ یــا مُجیب

یــا خبیرُ یــا بصیرٌ * یــا جــلیــل یــا وکیل

یــا علــیُ یــا قویُّ * یــا غــنــی یــا ولیّ

یــا رشــدُ یــا شهیّدُ * یــا مجیدُ یــا حمیدُ

یــا متینُ یــا بدیعُ * یــا عزیزُ یــا حفیظ

یــا مٌعیدُ یــا مُمیتُ * یــا معزُ یــا مذل

یــا مقدَمْ یــا موخّرُ * یــا شکورو یــا غفور

Marfat.com

یا ودُودُ یا صُبورُ * یا رؤفُ یا عفوٌّ

یاقیومُ یا قُدوسُ * یا باسطُ یا قَابِضُ

یا رافعُ یا خافضُ * یا واجِدُ یا ماجِدُ

یا اوّلُ یا آخرُ * یا باطنُ یا ظاهرُ

یا جامعُ یا مانعُ * یا باعثُ یا وارثُ

یا مبدئُ یا مُحصِیُ * یا مُقسطُ یا مومِنُ

یا مالکُ الملک * یاذوالجلالِ والاکرام

Marfat.com

نعت شریف

واہ رُتبہ ترا سیّدہ آمنہؓ
نُور ہے آپ کا سیّدہ آمنہؓ

ساری توحید ہے تیری آغوش میں
مومنہ مسلمہ سیّدہ آمنہؓ

کس کو ایمان ہے ان سے بڑھ کر ملا
گھر ہیں ایمان کا سیّدہ آمنہؓ

آپ مالک ہیں کوثر کے فردوس کے
نور حق کی ضیاء سیّدہ آمنہؓ

سارے نبیوں کا سلطان و سردار ہے
آپ کا لاڈلا سیّدہ آمنہؓ

سب فرشتوں کی جھکتی جبیں ہے جہاں
وہ ہے حُجرہ تیرا سیّدہ آمنہؓ

Marfat.com

کب کسی کے مقدر میں ہے وہ ہوا
آپ کو جو مِلا سیّدہ آمنہؓ

از ازل تا ابد پاک ہی پاک ہے
سب گھرانہ ترا سیّدہ آمنہؓ

اپنے محتاج صائم پہ بہرِ خُدا
ہو نگاہِ عطا سیّدہ آمنہؓ

شاعر: صائم چشتی

Marfat.com

نعت شریف

عاصیوں کو در تمہارا مل گیا
بے ٹھکانوں کو ٹھکانہ مل گیا

فضلِ رب کے پھر کمی کس بات کی
مل گیا سب کچھ جو طیبّہ مل گیا

ان کے طالب نے جو چاہا پا لیا
ان کے سائل نے جو مانگا مل گیا

تیرے در کے ٹکڑے ہیں اور میں غریب
مجھ کو روزی کا ٹھکانہ مل گیا

اے حسن فردوس میں جائیں جناب
ہم کو صحرائے مدینہ مل گیا

شاعر: مولانا حسن رضا خان بریلویؒ

Marfat.com

نعت شریف

خدا کی عظمتیں کیا ہیں محمد مصطفیٰ ﷺ جانے
مقامِ مصطفیٰ ﷺ کیا ہے محمد ﷺ کا خدا جانے

صدا کرنا مرے بس میں تھی میں نے تو صدا کر دی
وہ کیا دیں گے، میں کیا لوں گا، سخی جانے، گدا جانے

کہا جبریل نے سدرہ تلک میری رسائی تھی
ہیں کتنی منزلیں آگے نبی ﷺ جانے ، خدا جانے

مدینے حاضری کی مانگتے رہنا دُعا یارو
اثر ہو گا نہیں ہو گا نبی ﷺ جانے دُعا جانے

مجھے تو سُرخرو ہونا ہے آقا ﷺ کی نگاہوں میں
زمانے کا ہے کیا ناصر بھلا جانے بُرا جانے

شاعر: ناصر چشتی

Marfat.com

نعت شریف

تمہی فرش سے عرش پر جانے والے
تمہی نعمتیں حق سے دلوانے والے
تیرے آگے سب ہاتھ پھیلانے والے
میرا دِل بھی چمکا دے چمکانے والے

سواری سے اپنی تو جس دم اترنا
مدینے کے زائر ذرا تُو سنبھلنا
کہ یاں تھا میرے مصطفیٰ ﷺ کا گزرنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے

ہیں کعبے کے جلوے بھی مانا کے اچھے
مگر میں مدینے کی عظمت کے صدقے
اسے تو ہے نسبت میرے مصطفیٰ ﷺ سے
مدینے کے خطے خدا تجھ کو رکھے
غریبوں فقیروں کے ٹھہرانے والے

شاعر: مولانا احمد رضا خان بریلویؒ

Marfat.com

نعت شریف

ہم غلاموں کا رکھنا خدارا بھرم
شالا وسدا رہوے تیرا سوہنا حرم
اے شفیعِ امم لِلّٰہ کر دو کرم
شالا وسدا رہوے تیرا سوہنا حرم

تیری یادوں سے معمور سینہ رہے
سامنے میرے ہر دم مدینہ رہے
در پہ بیٹھے رہیں لے کے ہم چشمِ نم

چھوڑ کر تیرا در کیوں پھروں در بدر
ہاں تیرے در سے اچھا نہیں کوئی گھر
ہو تمہیں میرا دیں اور میرا بھرم

تیری چوکھٹ کے مانگت ہیں جائیں کہاں
اپنی رحمت سے بھر دیجئے جھولیاں
ہم ہیں امیدوارِ کرم ہو کرم

Marfat.com

یا نبی ﷺ اپنی الفت کی سوغات دے
اپنی شایانِ شاں ہم کو سوغات دے
اس سے مطلب نہیں کہ سوا ہو یا کم

میرے ہاتھوں میں کاسہ ہے امید کا
ہوں بھکاری شاہا میں تیری دید کا
تو نبی ﷺ محترم میں گدائے حرم

حاضری ہو ہماری بھی دربار میں
زندگی ہو بسر در سرکار میں
آتے جاتے رہیں تیری چوکھٹ پہ ہم

ہم غلاموں کا رکھنا خدارا بھرم
شالا وسدا رہوے تیرا سوہنا حرم
اے شفیعِ امم للہ کردو کرم
شالا وسدا رہوے تیرا سوہنا حرم

شاعر: عبدالستار نیازی

Marfat.com

دُعا

خدا کب بلا لے مجھے اپنے گھر میں
میں مدت سے اس آس پر جی رہی ہوں
کبھی تو سُنے گا دعائیں وہ میری
میں مدت سے اس آس پر جی رہی ہوں

جو لوگوں سے سُن سُن کے نقشے ہیں کھینچے
حقیقت میں ہوں گے مناظر وہ کیسے
کبھی جا کے دیکھوں خود آنکھوں سے اپنی
میں مدت سے اس آس پر جی رہی ہوں

مرے سامنے ہو وہ کعبہ کی چوکھٹ
وہ رکنِ یمانی ، وہ میزاب رحمت
میں صحنِ حرم میں کروں جا کے سجدے
میں مدت سے اس آس پہ جی رہی ہوں

Marfat.com

خدا نے اتارا جسے آسماں سے
کیا نصب تھا جس کو پیغمبروں سے
اُسی حجرِ اسود کا بوسہ میں لے لوں
میں مدت سے اس آس پہ جی رہی ہوں

وہ شہر ، حرم وہ مدینے کی گلیاں
وہ عرفات کا دن ، منیٰ کی وہ راتیں
میسر کبھی ہوں مجھے سارے جلوے
میں مدت سے اس آس پہ جی رہی ہوں

میرے سامنے ہو وہ گُنبدِ خضریٰ
وہ روضے کی جالی و جنت کا گوشہ
کبھی چوم لوں جا کے خاکِ مدینہ
میں مدت سے اِس آس پہ جی رہی ہوں

نہیں ہے بھروسہ کوئی زندگی کا
اُسی کو خبر ہے وہ سب جانتا ہے
بُلا لے گا مجھ کو وہ مرنے سے پہلے
میں مدت سے اس آس پہ جی رہی ہوں

شاعر: راحت آرا سہیل

Marfat.com

نعت شریف

میرے جی میں ہے کب سے یہ آس
میں دیکھوں مدینہ تیرا

دن رات رہوں میں اداس
میں دیکھوں مدینہ تیرا

یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

بے کل منوا چین نہ پائے یادِ مدینہ پل پل آئے
چلی آؤں نبی ﷺ جی تیرے پاس
میں دیکھوں مدینہ تیرا
میرے جی میں ہے کب سے یہ آس

اس نگری کا پانی زم زم وہ مٹی زخموں کا مرہم
دکھی جی کو نگر وہی راس
میں دیکھوں مدینہ تیرا
میرے جی میں ہے کب سے یہ آس

Marfat.com

لگی ہیں تیری اور نگاہیں نُوری روضہ دیکھنا چاہیں
وہیں بجھے گی ان اکھیوں کی پیاس
میں دیکھوں مدینہ تیرا
تیری ذات جہاں سے عالی تو ساری اُمت کا والی
ہر اک کا تجھے ہے احساس
میں دیکھوں مدینہ تیرا
پلکوں سے وہ جالیاں چُوموں پڑھوں سلام خوشی سے جُھوموں
ہر اک کا تجھے ہے احساس
میں دیکھوں مدینہ تیرا

شاعر: ڈاکٹر ریاض مجید

Marfat.com

نعت شریف

غلام ہیں غلام ہیں رسول ﷺ کے غلام ہیں
غلامیٔ رسول ﷺ میں موت بھی قبول ہے
جو ہو نہ عشقِ مصطفیٰ ﷺ تو زندگی فضول ہے

پڑھیں دُرود آپ ﷺ پر ملی زباں اسی لیے
فدا ہو اس کے دین پر ہے تن میں جاں اسی لیے
جو اس کے واسطے نہیں وہ زندگی فضول ہے
غلامیٔ رسول ﷺ میں موت بھی قبول ہے

کرم ہے خاص ربّ کا جو ملی ہیں ان کی رحمتیں
ہیں اس کے پاک نام سے ہماری کیسی نسبتیں
ہم اس کی اُمت آخری وہ آخری رسُول ﷺ ہے

Marfat.com

ڈھلا ہے اُس کے رنگ میں قریب اُس کے جو گیا
ملا جو ایک بار اسے غلام اس کا ہو گیا
وہ ایسا خوش بیان ہے، وہ ایسا خوش اصول ہے
غلامی رسول ﷺ میں موت بھی قبول ہے

چل اُس کے شہر کی طرف یہ دل اگر اداس ہے
بہشت اُس کے روضے ہی کی جالیوں کے پاس ہے
خدا کی خاص رحمتوں کا اس جگہ نزول ہے
غلامی رسول ﷺ میں موت بھی قبول ہے

شاعر ڈاکٹر ریاض مجید

Marfat.com

نعت شریف

یا رب مدینے پاک میں جانا نصیب ہو
جانا نصیب ہو تو نہ آنا نصیب ہو

رکھ دوں درِ حضور ﷺ پہ جب میں جبینِ شوق
چوکھٹ سے ان کی سر نہ اُٹھانا نصیب ہو

چوکھٹ پہ ان کی ہو یہ سر آنکھیں ہوں اشکبار
ایسے میں حال دل کا سنانا نصیب ہو

پلکوں سے چومتا پھروں کوئے نبی ﷺ کی خاک
سینے سے جالیوں کو لگانا نصیب ہو

Marfat.com

طیبہ سے آکے بھی رہے طیبہ کی آرزو
تحفہ یہی مدینے سے لانا نصیب ہو

حافظ کے دل کی ہے یہی خواہش و التجا
قدموں میں مصطفیٰ ﷺ کے ٹھکانا نصیب ہو

شاعر: حافظ محمد حسین حافظ

Marfat.com

نعت شریف

اللہ نے پہنچایا سرکار ﷺ کے قدموں میں
صد شُکر میں پھر آیا سرکار ﷺ کے قدموں میں

کچھ دیر سلامی کو ٹھہر آیا مواجہہ پر
پھر مجھ کو ادب لایا سرکار ﷺ کے قدموں میں

رد کیسے بھلا ہو گی اب کوئی دُعا میری
میں ربّ کو پکار آیا سرکار ﷺ کے قدموں میں

مجھ جیسا تہی داماں کیا نذر کو لے جاتا
اک نعت سنا آیا سرکار ﷺ کے قدموں میں

ہر سال سلامی کو سرکار ﷺ طلب کیجئے
یہ عرض بھی کر آیا سرکار ﷺ کے قدموں میں

Marfat.com

کچھ لمحے حضوری کے پائے تو یہ لگتا ہے
اک عمر گزار آیا سرکار ﷺ کے قدموں میں

کچھ کہنے سے پہلے ہی پوری ہوئی ہر خواہش
جو سوچا وہی پایا سرکار ﷺ کے قدموں میں

یاد آئی صبیح اپنی ہر ایک خطا مجھ کو
اعمال پہ شرمایا سرکار ﷺ کے قدموں میں

شاعر: صبیح الدین رحمانی

Marfat.com

نعت شریف

اشکِ غم دن رات پینا اس تمنا میں ہے جینا
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

در تمہارا پاک کردے مِرا یہ خاکی وجود
ہو کرم کہ آ کے پڑھ لوں روبرو تم پر دُرود

جنتی ٹکڑے میں سجدے جب ادا ہو جائیں گے
ہم بھی گندے اور مندے پارسا ہو جائیں گے
دل کو آئے گا قرینہ آج نہیں تو کل مدینہ

ہوں شفاعت کا طالب مہر بخشش کی لگا دو
اے مدینے میں بلا کر دل کی تاریکی مٹا دو
ہو منوّر مِرا سینہ آج نہیں تو کل مدینہ

Marfat.com

جس کو محبوبِ خدا سے صدقِ دل سے پیار ہے
اس پہ مولا کا کرم ہے اِس کا بیڑا پار ہے
کیسے ڈوبے گا سفینہ آج نہیں تو کل مدینہ

کوئی نیکی پاس مرے نہ عمل ہیں مصطفٰی ﷺ
کالی کملی میں چھپا لو شافعِ روزِ جزا
آپ کا دَر رَب کا زِینہ آج نہیں تو کل مدینہ

جو بھی در پہ جا رہا ہے وہ مرادیں پا رہا ہے
اس شہر میں شان بڑھ کر خود خدا دکھلا رہا ہے
جس کی مٹی میں خزینہ آج نہیں تو کل مدینہ

گر گناہوں پر ہے نادم ہاتھ کو اپنے اٹھا
دے محمد ﷺ کا وسیلہ بخش دے گا رَب خطا
پونچھ ماتھے کا پسینہ آج نہیں تو کل مدینہ

Marfat.com

ماہِ رمضاں کی فضیلت تو مدینے جا کے دیکھ
اک انوکھا ہی مزہ ہے اس مہینے جا کے دیکھ
آخری عشرہ شبینہ آج نہیں تو کل مدینہ

تاقیامت دیس میرا یونہی پائندہ رہے
اس کا دشمن میرے آقا یونہی شرمندہ رہے
المدد شاہِ مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

ہر غلامِ مصطفیٰ ﷺ کا آرزو کرنا بجا
یا خدا عابد کی تجھ سے سر جھکا کر التجا
دیکھ لے ہر چشمِ بینا آج نہیں تو کل مدینہ

Marfat.com

نعت شریف

دلوں میں ہے دھڑکن نبیؐ کی ثناء سے
دو عالم رواں ہیں انہی کی عطا سے
نبیؐ کے وسیلے کشادہ ہیں رستے
یہ ناطہ جڑا ہے میرا بھی خدا سے
بساؤ دلوں میں عقیدت کی دھڑکن
تعلق ہو سانسوں کا صل علیٰ سے
فروزاں ستارے ہیں کتنے فلک پر
ضیاء پا رہے ہیں سبھی مصطفیٰ ﷺ سے
عمر عرض کرتا ہے اُن سے مسائل
میرا گھر تو چلتا ہے اُن کی رضا سے

شاعر: عمر صالح جتوئی

Marfat.com

نعت شریف

ان کا نام لبوں پر آئے — میٹھا منہ ہو جائے

جب وہ سفر پر جایا کرتے — بادل سر پہ سایہ کرتے

ان کی یاد کے صدقے ہر دم — آنکھ میں جھڑیوں والا موسم

ان کے بول بہاروں جیسے — اور اصحاب ستاروں جیسے

ان سا پیارا اور نہ کوئی — ان سے بچھڑ کے لکڑی روئی

صادق اور امین وہی ہیں — طحا اور یٰسین وہی ہیں

مولا کی پہچان وہی ہیں — سب سے بڑے انسان وہی ہیں

وہ مہمانِ عرشِ مُعلی — شانِ محمد ﷺ اللہ اللہ

رحمت ان کی عالم عالم — صلی اللہ علیہ وسلم

شاعر: انور مسعود

Marfat.com

نعت شریف

قدم نبی ﷺ کے جس نے چومے شہر مدینہ ایسا ہے
باغِ خُلد بھی جس پہ قرباں نبی ﷺ کا روضہ ایسا ہے

بھینی بھینی خوشبو جس کی گلشنِ دِل کو مہکاتی ہے
خوشبوئے سرکار ﷺ سے سارا شہر مہکتا ایسا ہے

دل یہ چاہے دیکھتے جائیں دِل افروز نظاروں کو
شہر نبی ﷺ کا دلکش منظر پیارا پیارا ایسا ہے

خُلد اور کعبہ کو سب راہیں جس رستے سے جاتی ہیں
وہ میری سرکار ﷺ کے در کا ایک ہی رستہ ایسا ہے

کوئی دکھا دو میرے نبی ﷺ سا جس کا نہ کوئی سایہ ہو
بے سایہ آقا ﷺ ہی میرا جگ میں یکتا ایسا ہے

ٹھوکر پہ رکھا ہے جس نے دُنیا کی ہر شاہی کو
سرکارِ ﷺ دو عالم کا حافظ یہ منگتا ایسا ہے

شاعر: حافظ محمد حسین حافظ

Marfat.com

نعت شریف

میرا حسینؓ باغِ نبوت کا پھول ہے
حیدرؓ کی اس میں جان ہے، خونِ بتولؓ ہے

تو اُن کے در سے مانگ لے جو کچھ بھی جی کرے
مالک سبھی جہان کی آلِ رسول ﷺ ہے

گذرا جہاں جہاں سے نواسہ رسول ﷺ کا
اب تک وہاں خدا کے کرم کا نزول ہے

ایسی عظیم ذات ہے مولا حسینؓ کی
جس کے لیے حضور ﷺ کے سجدوں کو طُول ہے

دُنیا میں اور کون ہے شبیرؓ کے سوا
ایسا سوار جس کی سواری رسول ﷺ ہے

جس کے لیے یزید نے اتنے جتن کیے
وہ تاج تو حسینؓ کے قدموں کی دھول ہے

شاعر: ریاض حسین راز

Marfat.com

نعت شریف

ہر وقت تصور میں مدینے کی گلی ہے

اب دربدری ہے نہ غریب الوطنی ہے

اس شہر میں بک جاتے ہیں خود آکے خریدار

یہ مصر کا بازار نہیں شہرِ نبی ﷺ ہے

اس ارضِ مقدس پہ ذرا دیکھ کے چلنا

اے قافلے والو! یہ مدینے کی گلی ہے

اقبال میں کس منہ سے کروں مدحِ محمد ﷺ

منہ میرا بہت چھوٹا ہے اور بات بڑی ہے

محمد اقبال عظیم

Marfat.com

سلام

دیار طیبہ کے پیارے زائر نبی ﷺ سے میرا سلام کہنا
سلام پڑھ کر دُرود پڑھ کر جھکا کے تو سر سلام کہنا

ریاضِ جنت میں بیٹھ کر تو نظارے جنت کے خوب کرنا
نظر سے جالی کو چوم لینا پکڑ کے منبر سلام کہنا

میں صدقے ان کے مقدروں کے نبی ﷺ کے قدموں میں جو ہیں لیٹے
نبی ﷺ کے پیاروں کی بارگاہ میں ادب سے جھک کر سلام کہنا

مزارِ حمزہ پہ سر جھکانا تو در پہ عثمان کے بھی جانا
ہر اک صحابی کے پاس مرقد پہ خوش مقدر سلام کہنا

بقیع جنت ہے رشک جنت جہاں ہے لیٹی نبیؐ کی بیٹی
لگا کے آنکھیں مزارِ زہرہ پہ جا کے اکثر سلام کہنا

Marfat.com

تو جانا جبلِ احد پہ پیارے تو کرتے تھے پیار جس کو آقا ﷺ
نظر سے سارے ہی چوم کر تو وہاں کے پتھر سلام کہنا

میں کیوں نہ ان کے فدا ہو جاؤں تھے چومے آقا ﷺ کے جس نے پاؤں
لگا کے ہونٹوں پہ اس گلی کے تمام کنکر سلام کہنا

نظر میں حافظ ہو روضہ جالی لگی ہو سینے سے نوری جالی
ہزار افضل عبادتوں سے کہیں ہے بہتر سلام کہنا

شاعر: حافظ محمد حسین حافظ

Marfat.com

نعت شریف

طلع البدرُ علینا

وداع کی گھاٹیوں سے

من ثنیّاتِ الوداعِ

چاند نکلا چودھویں کا

رحمتوں کا لے کے ہالہ

وجب الشُّکر علینا

شکر ہے ہم پہ واجب

ما دعا للّٰہِ داعِ

جب تلک دیتا رہے گا دعوتِ حق دینے والا

ایّھا المبعُوث فینا

نبی ﷺ وہ آیا ہم میں

جئت بالأمرِ المُطاعِ

اطاعت کے جو قابل اس کا پیغام اتنا اعلیٰ

ترجمہ: ڈاکٹر ریاض مجید

Marfat.com

خدائی رب کی نبی ﷺ کی رحمت

خدائی رب کی، نبی کی رحمت، کہاں نہیں تھی، کہاں نہیں ہے
زمیں کا ایسا ہے کوئی گوشہ کہ جس جگہ آسماں نہیں ہے

وہ روشنی کا سفیر بھی ہے، وہی سراج منیر بھی ہے
نبی کی ذات اک دیا ہے ایسا کہ جس دیئے میں دھواں نہیں ہے

خدائی رب کی نبی کی رحمت کہاں نہیں تھی کہاں نہیں ہے

ہیں بے شمار آج بھی مؤذن، امام بھی الگنت ہیں لیکن
امام کوئی رسول ﷺ جیسا بلالؓ جیسی اذاں نہیں ہے

خدائی رب کی نبی کی رحمت کہاں نہیں تھی کہاں نہیں ہے

پڑھو درود اور سلام بھیجو، یہی طریقہ ہے رب کا لوگو
جو وقت ذکرِ نبی میں گزرے وہ مول ہے رائیگاں نہیں ہے

خدائی رب کی نبی کی رحمت کہاں نہیں تھی کہاں نہیں ہے
زمیں کا ایسا ہے کوئی گوشہ کہ جس جگہ آسمان نہیں ہے

شاعر: اعجاز رحمانی

Marfat.com

غارِ حرا

ہم اہلِ ثناء جب بھی گئے غارِ حرا میں
لُوٹے تیری خوشبو کے مزے غارِ حرا میں

آتے تھے نظر سامنے مینارِ حرم بھی
اللہ کو سجدے بھی کیے غارِ حرا میں
لُوٹے تیری خوشبو کے مزے غارِ حرا میں

قرآن کا آغازِ نزول اُن پہ ہوا جب
جبریل گلے لگ کے ملے غارِ حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غارِ حرا میں

ویسے تو بہاتا ہوں تیری یاد میں آنسو
انمول تھے جو اشک گرے غارِ حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غارِ حرا میں

میں آپ کے قدموں کے نشاں ڈھونڈ رہا تھا

Marfat.com

اس فرش کے جب بوسے لیے غارِ حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غارِ حرا میں
حسان نے منبر پہ کھڑے ہو کے پڑھی نعت
مقصود نے اشعار پڑھے غارِ حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غارِ حرا میں
ہم اہلِ ثناء جب بھی گئے غارِ حرا میں

شاعر: مقصود تبسم (حالیہ مقیم شارجہ)

Marfat.com

میں گھر سے چلا ہوں

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

میں گھر سے چلا ہوں مدینہ نگر میں
کوئی ہاتھ تھامے ہوئے ہے سفر میں

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

سوئے کہکشاں وہ کہاں دیکھتے ہیں
مدینے کے ذرے ہوں جن کی نظر میں

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

میں اُن کی کریمی کے قربان جاؤں
وہ رکھتے ہیں مجھ کو بھی اپنی نظر میں

Marfat.com

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

دروودوں کی سوغات دامن میں بھر لوں

سنا ہے وہ آئیں گے میری قبر میں

